بسم اللہ الرحمن الرحیم
رسائل نعیمیہ
حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ
لاہور

حضرت حکیم الامت مُفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ

صاحبزادہ اقتدار احمد خاں نعیمی قادری بدایونی مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

فہرستِ رسائل

(۱) دیوان رسالہ لک } تاریخی نام مجاہد پیغمبری ۱۳۵۷ھ ـــــ حمد نعت۔ قصائد ومناجات کا مجموعہ

(۲) رسالہ نور } ـــــ نبی کریم کے نور اور تنِ بے سایہ ہونے کا مدلل ثبوت

(۳) سلطنتِ مصطفےٰ } ـــــ ساری کائنات پر محمد مصطفےٰ کی شہنشاہی کا ثبوت ہے۔

(۴) الکلام المقبول } ـــــ سیدوں کی خصوصی فضائل کا ثبوت

(۵) ایک اسلام } ـــــ حدیث پاک کے بغیر قرآن کریم کا سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ناممکن ہے۔

(۶) اسلام کی چار اصولی اصطلاحیں } مولوی مودودی دہلی صاحب کی کتاب چار بنیادی اصطلاحوں کا منہ توڑ جواب

(۷) اسرار الاحکام } ـــــ قرآنی واسلامی قانون کی حکمتوں کا بیان

(۸) درس القرآن } حضرت حکیم الامتؒ کے چالیس سالہ درس قرآن کی تحفاؤں کے چند درس۔

قصیدہ (۳۳)

معروضہ بارگاہِ مرشدِ برحق ناصرِ ملّت مولانا سید محمد نعیم الدین صاحب قبلہ مرادآبادی

جس نے دکھایا طیبہ و قبلہ تمہی تو ہو
جس میں نبی کو دیکھا وہ شیشہ تمہی تو ہو

اہلِ نظر کے تم ہی تو ہو مطمحِ نظر
اور اہلِ دل کے دل کی تمنا تمہی تو ہو

تم وارثِ علومِ حبیبِ الٰہ ہو
اور ناصرِ شریعتِ بیضا تمہی تو ہو

اس گلستانِ دین کی تم ہی بہار ہو
اور بزمِ سنّت کا اجالا تمہی تو ہو

دین کے نعیم، مظہرِ شانِ معین ہو
کمزور و بے نوا کا سہارا تمہی تو ہو

سب اہلِ عقل صدر افاضل نہ کیوں کہیں
وہ سب ہیں خاتم ان کے نگینہ تمہی تو ہو

ہے نجدیوں کے قلب میں آرا تمہاری ذات
اور سُنّیوں کی آنکھ کا تارا تمہی تو ہو

تقریر جس کی قہرِ الٰہی عدو پہ ہے
اور اہلِ دین پہ رحمتِ مولا تمہی تو ہو

جس کا قلم کہ نیزۂ باطل شکن بنا
اور دینِ مصطفےٰ کا ہے پایہ تمہی تو ہو

ہم سب تھے جہل کی شبِ تاریک میں پھنسے
شب جس سے کٹ گئی وہ سویرا تمہی تو ہو

دل کی مراد آپ کی خوشنودیٔ مزاج
اور سالکِ فقیر کے منشا تمہی تو ہو

قصیدہ (۳۴)

دیگر معروضہ بارگاہِ مرشدِ کامل استاد العلماء صدر الافاضل مُرادآبادی

نعیمِ دین و ملت ناصرِ شرعِ مبیں تم ہو
معینِ اہلِ سنّت ناشرِ احکامِ دیں تم ہو

لقب صدر الافاضل آپ نے پایا زمانہ میں
امامِ اہلِ سنت دین کے حبلِ متیں تم ہو

ہو ملجا اہلِ دیں کے اور ہادی اہلِ ملت کے
وہابی کا جگر ہو جس سے شق وہ سیفِ دیں تم ہو